# کینسر کی نشانیاں اورعلامات

اپنے GP پریکٹس سے رابطہ کریں اگرآپ کے جسم میں کچھ ٹھیک محسوس نہیں ہوتا ہے، یا آپ کو اس کتابچے میں موجود علامات میں سے کسی کو محسوس کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ شاید کچھ بھی سنجیدہ نہیں ہے، یہ بہتر ہے کہ چیک کرلیا جائے ۔



جیوتی سود، GP

**کینسر کی نشانیاں اورعلامات میں شامل ہو سکتے ہیں:**

- جسم پر کہیں بھی ایک غیر واضح گانٹھ کا ہونا
- ایک تل جو رنگ یا شکل بدلتا ہے، یا خارش، کرسٹنگ، فلیکنگ یا خون بہنے لگتا ہے
- آپ کے پاخانے سے خون آنا
- آپ کے پیشاب سے خون آنا – چاہے ایک ہی بار آئے
- غیر متوقع یا غیر بیان شدہ خون آنا، جیسا کہ:
  - آپ کے نچلے حصے سے خون آنا
  - جب آپ کھانسی کریں یا آپ کی الٹی میں خون آنا
  - ماہواری ختم ہونے کے بعد خون آنا آپ کی ماہواری کے دوران یا ہم بستری کے بعد
- سانس لینے میں دشواری ہونا
- اکثرانفیکشن ہو جانا
- رات کوواایسا پسینہ آنا جو بتانے سے قاصر ہوں، وزن کم ہو جانا یا زخم ہونا۔

Clear on cancer

Help us help you

برائے مہربانی مزید نشانیوں کو دیکھنے کے لیے اس کتابچہ کے پیچھے دیکھیں۔

**اگر آپ ان میں سے کوئی چیز دیکھیں اور وہ تین ہفتہ یا اس سے زیادہ دیر تک رہے، تو یہ کینسر کی علامت ہوسکتی ہے:**

- کھانسی آنا یا موجودہ کھانسی میں تبدیلی ہونا
- منہ میں سوزش یا السر جو ٹھیک نہ ہورہا ہو
- پیٹ کے مسائل، جیسا کہ بے چینی ہونا یا دست آنا
- بغیر وجہ کے تھکاوٹ یا بیمار محسوس کرنا
- سینے کی جلن یا بدہضمی ہونا
- غیر معمولی، پیلا یا چکنائی والا پاخانہ آنا
- درد یا بے چینی جو بتانے سے قاصر ہوں
- زیادہ تر سوجن رہنا

**اگرآپ ان میں سے کوئی بھی نشانیاں یا علامات دیکھیں جو اس کتابچے میں دی گئی ہیں تو اپنے GP پریکٹس سے رابطہ کریں۔**

یہ شاید کوئی سنگین بات نہیں ہے، لیکن کینسر کا جلد پتہ لگ جائے تو زیادہ قابل علاج ہو جاتا ہے اور جان بچا سکتا ہے۔ آپ کا GP آپ کو کینسر سے بچنے کے لیے ٹیسٹ کے لیے کہہ سکتا ہے۔ جو بھی نتیجہ نکلے، آپ کا NHS آپ کے لیے یہاں موجود ہے۔

اگر آپ کی علامات مسلسل ظاہر ہوتی رہیں، تبدیل ہوں یا مزید خراب ہوں، آپ کا GP پریکٹس کے پاس واپس جانا ضروری ہے۔

## کینسر کی مزید نشانیوں اور علامات کی معلومات کے لیے ملاحظہ کریں

nhs.uk/cancersymptoms

Clear on cancer

Help us help you